سوال

(245) مسنون خطبہ نکاح کے بغیر نکاح کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارانکاح قرآن کی کچھ سورتوں، درود شریف اور دعا کے ساتھ پڑھا یا گیا، اور مسنون خطبہ نکاح نہیں پڑھایا گیا، کیا ہمارا نکاح صحیح ہے یا پھر دوبارہ سے نکاح پڑھنے کی ضرورت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ کا نکاح کرتے وقت، نکاح کے ارکان مثلاولی، دوعادل گواہان، حق مہر، ایجاب وقبول وغیرہ موجودتھے تو آپ کا نکاح درست ہے، اس میں شک کرنے اوراسے دوبارہ پڑھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد2